علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)


وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔


عنوان: :اصول تحقیق(۲۹۷۲)

سطح: بی ایس( علوم اسلامیہ تخصص شریعہ) سمسٹر: بہار، 2026

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں word(یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ (20)

تحقیقی منصوبہ بندی میں ترتیب اور تنظیم بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ وضاحت کریں کہ ایک منظم خاکہ تحقیق کو

مؤثر بنانے میں کیسے مدد دیتا ہے؟

سوال نمبر2۔ علمی تحقیق کسی بھی علم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔اس کے اغراض و مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے وضاحت کریں کہ تحقیق کس طرح علم میں وسعت اور گہرائی پیدا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ تحقیق کے بنیادی عناصر کسی بھی مطالعے کی بنیاد ہوتے ہیں۔ان عناصر کی وضاحت کرتے ہوئے بیان کریں کہ یہ تحقیق کے معیار کو کیسے متاثر کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ موضوعِ تحقیق کے انتخاب میں کئی عوامل کار فرما ہوتے ہیں۔مناسب موضوع کے انتخاب کے اصول بیان کریں اور اس کے ساتھ خاکہ سازی کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تحقیقی عمل میں بنیادی اور ثانوی مآخذ کا استعمال ناگزیر ہے۔دونوں اقسام کے مآخذ کا تقابلی جائزہ پیش کریں اور ان کی افادیت بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ: 5تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ایک معیاری تحقیقی مقالہ کن خصوصیات کا حامل ہوتا ہے؟ان خصوصیات کی وضاحت کرتے ہوئے ایک مؤثر مقالے کے خدوخال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تحقیق میں حوالہ جات کی درستگی علمی دیانت داری کی علامت ہے۔حوالہ جات اور فہرستِ مراجع مرتب کرنے کے اصول واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مفروضات کسی بھی تحقیق کی سمت متعین کرتے ہیں۔ان کی اہمیت بیان کریں اور واضح کریں کہ یہ تحقیقی نتائج پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ تحقیق اور تنقید کے درمیان واضح فرق موجود ہے۔دونوں کے امتیازات کو بیان کریں اور ان کے دائرہ کار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ علمی تحقیق کی مختلف اقسام کو مد نظر رکھتے ہوئے وضاحت کریں کہ ہر قسم کس طرح مختلف مقاصد کے حصول میں معاون ہوتی ہے؟ (20)